# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ معاشیات)

| وارننگ |
|---|
| **عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذھن نشین کر لیں کہ:** |
| **-1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔** |
| **-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔** |

کورس: معاشیات (315) — سمسٹر: خزاں 2013

سطح: بیچلر — کل نمبر: 100

## امتحانی مشق نمبر 1

### یونٹ نمبر 1-5

سوال نمبر -1 (الف) خالی جگہیں پر کیجئے۔ (10)

(i) کسی چیز کی وہ صلاحیت جس کے ذریعے انسانی حاجات پوری ہوتی ہوں ـــــــ کہلاتی ہے۔

(ii) ذہنی یا جسمانی محنت کے معاوضے کو ـــــــ کہا جاتا ہے۔

(iii) اگر تین روٹیوں کا کل افادہ 21 اکائی ہو تو اوسط افادہ = ـــــــ ہوگا

(iv) نقطی لچک کی پیمائش کا فارمولا = ـــــــ اور قوسی لچک کی پیمائش کا فارمولا = ـــــــ

(v) جن اشیاء کی قیمت میں معمولی تبدیلی ان کی رسد میں بھی معمولی تبدیلی پیدا کرے تو ان کی رسد ـــــــ کہلاتی ہے۔

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک آپشن کو چنئے۔ (10)

(i) آدم سمتھ کی تعریف کے مخالفین میں کارلائل اور رسکن شامل ہیں۔ صحیح/غلط

(ii) رابنز نے اپنی طرف سے معاشیات کی تعریف کس سال پیش کی؟ 1954 / 1934

(iii) معاشی قوانین اخذ کرنے کے دو طریقے ہیں۔ صحیح/غلط

(iv) استخراجی طریقے میں ہم عام سے خاص کی طرف پیش قدمی کرتے ہیں۔ صحیح/غلط

(v) کیا رسد کی لچک اکائی سے زیادہ اکائی سے کم اور اکائی کے برابر ہو سکتی ہے؟ ہاں/نہیں

سوال نمبر 2- علم معاشیات سے متعلق آدم سمتھ کی تعریف بیان کیجئے ۔ نیز اس تعریف کا تقابلی جائزہ مارشل اور رابنز کی پیش کردہ تعریف سے کیجئے ۔
(20)

سوال نمبر 3- نظامِ سرمایہ داری اور اشتراکیت کی تعریف کیجئے ۔ نیز ان دونوں نظاموں میں فرق واضح کیجئے ۔ (20)

سوال نمبر 4- قانون مساوی افادہ مختتم کی تعریف کیجئے ۔ نیز اس قانون کے تحت صارف کے توازن کی وضاحت گوشوارہ اور شکل کی مدد سے کیجئے ۔(20)

سوال نمبر 5- مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھئے ۔

(الف) طلب کی لچک کی اہمیت ۔ (10)

(ب) رسد کی لچک کی پیمائش ۔ (10)

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر 40

# امتحانی مشق نمبر 2

## یونٹ نمبر 6-9

سوال نمبر 1- (الف) خالی جگہیں پر کریں ۔ (10)

(i) سرمایہ کی طرح زمین انسانی کاوش کا نتیجہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے ۔

(ii) سرمایہ کو جسمانی طور پر ایک جگہ سے دوسری جگہ ۔۔۔۔۔۔ کیا جا سکتا ہے ۔

(iii) محنت کی استعداد کار کی پیمائش کے لئے ۔۔۔۔۔۔ امور ذہن میں رکھنے چاہئیں ۔

(iv) مالتھس کا نظریہ آبادی ۔۔۔۔۔۔ میں پیش کیا گیا ۔

(v) غیر کامل مقابلے کی منڈی میں ۔۔۔۔۔۔۔ قیمتیں عموماً رائج ہوتی ہیں ۔

(ب) مناسب بیان کی نشاندہی کیجئے ۔ (10)

| | | |
|---|---|---|
| (i) | کیا جامد سرمایہ بار بار ایک عرصہ تک پیدائش کے عمل میں استعمال کیا جاتا ہے؟ | ہاں / نہیں |
| (ii) | ٹیکسوں میں اضافہ سے بچت کا کیا حال ہوگا؟ | کم / بلند |
| (iii) | روایتی اور فنی تعلیم میں اضافہ ہونے سے محنت کی رسد پر کس قسم کے اثرات ممکن ہیں؟ | لچکدار رسد / غیر لچکدار رسد |
| (iv) | پاکستان کا ٹیچر اگر بحرین میں جا کر پڑھائے تو یہ نقل پذیری کی کون سی قسم ہوگی؟ | جغرافیائی / عمودی / افقی |
| (v) | ایجادات اور اختراعات کا سہرا کس کے سر ہے؟ | پہاڑوں / دریاوں / آبادی |

سوال نمبر 2- زمین اور سرمایہ میں کیا فرق ہے؟ نیز زمین کے وسیع اور عمیق استعمال پر ایک نوٹ لکھئے ۔ (20)

سوال نمبر 3- تنظیم کی تعریف و اہمیت، ناظم کا مدعا اور فرائض، نیز اس کے فیصلے، فوائد اور نقصانات پر ایک سیر حاصل بحث قلمبند کیجئے ۔ (20)

سوال نمبر 4- مالتھس کے نظریہ آبادی کی وضاحت کیجئے ۔ نیز اس نظریہ میں جو خامیاں پائی جاتی ہیں ان کی نشاندہی کیجئے ۔ (20)

سوال نمبر 5- منڈی کی تعریف کیجئے ۔ نیز ماہرین معاشیات منڈی کو جن چار زاویوں سے تقسیم کرتے ہیں ان کی وضاحت کیجئے ۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 3

## یونٹ نمبر 10-13

سوال نمبر 1-  (الف)  خالی جگہیں پر کریں۔  (10)

(i) اشیاء جب کم مقدار میں معمولی عمل پیدائش سے تیار کی جائیں تو اسے ------- کی پیدائش کہا جاتا ہے۔

(ii) قانون تکثیر حاصل کا خط ------- کی طرف چڑھتا جاتا ہے۔

(iii) قلیل عرصے کے نقطہ نظر سے کل مصارف دو طرح کے ہوتے ہیں (الف) ------- (ب) -------

(iv) اوسط پیداوار میں جب اضافہ ہوتا ہے تو ------- میں اس سے زیادہ اضافہ ہوتا ہے۔

(v) منڈی میں جب بغیر روک ٹوک کے خریداروں اور فروخت کاروں میں مقابلہ پایا جاتا ہے تو ایسی کیفیت کو ------- کہا جاتا ہے۔

(ب)  درست بیان کی نشاندہی کیجئے۔  (10)

(i) غیر معمولی منافع کی صورت میں نئی فرمیں صنعت میں داخل ہونا پسند کرتی ہیں۔  ہاں / نہیں

(ii) مخصوص عاملین پیدائش کی مدد سے اگر پہلی مرتبہ چار میٹر کپڑا حاصل ہو، اس کے بعد دس میٹر پھر اٹھارہ میٹر تو کیا اسے قانون تکثیر حاصل کہہ سکتے ہیں؟  ہاں / نہیں

(iii) غیر کامل منڈی میں مختتم وصولی کا خط اوسط وصولی کے خط سے نیچے رہتا ہے۔  ہاں / نہیں

(iv) کامل مقابلہ میں فرم کی اوسط وصولی اس کی مختتم وصولی کے برابر ہوتی ہے  ہاں / نہیں

(v) پیمانہ صغیر کا کاروبار طویل مدت تک زندہ سلامت رہتا ہے۔ کیا یہ بیان درست ہے؟  ہاں / نہیں

سوال نمبر 2-  پیمانہ پیدائش سے کیا مراد ہے؟ مثالوں سے واضح کیجئے۔ نیز پیمانہ پیدائش کے تعین میں استعمال ہونے والے عوامل پر ایک مفصل بحث قلمبند کیجئے۔  (20)

سوال نمبر 3-  قوانین حاصل کی تعریف کیجئے۔ نیز قانون تقلیل حاصل کی ایک گوشوارہ اور ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجئے۔  (20)

سوال نمبر 4-  فرم کی کل پیداوار، اوسط پیداوار اور مختتم پیداوار کی تعریف کیجئے۔ نیز اوسط پیداوار اور مختتم پیداوار کے باہمی تعلق کی وضاحت ایک گوشوارہ اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔  (20)

سوال نمبر 5-  کامل مقابلہ کے تحت فرم کے توازن کی وضاحت مندرجہ ذیل صورتوں میں کیجئے۔

(الف)  فرم جب معمولی نقصان اٹھا رہی ہو۔  (10)

(ب)  فرم جب غیر معمولی نقصان اٹھا رہی ہو۔  (10)

# امتحانی مشق نمبر 4

## یونٹ نمبر 14-18

سوال نمبر 1- (الف) خالی جگہیں پر کریں۔ (10)

(i) پاکستان میں ریلوے یا واپڈا کو ۔۔۔۔۔۔۔ اجارہ داری حاصل ہے۔

(ii) عاملین پیدائش کو ان کے معاوضے ادا کرنے کا نام ۔۔۔۔۔۔۔ ہے

(iii) لگان کے تعین کا مشہور نظریہ ۔۔۔۔۔۔۔ نے پیش کیا تھا۔

(iv) اجرت بلحاظ وقت سے مراد ایسی اجرت ہے جس میں ۔۔۔۔۔۔ کی اکائیوں کے حساب سے اجرت طے پائے۔

(v) سرمایہ دارانہ نظامِ معیشت میں ۔۔۔۔۔۔۔۔ بنانے اور اسے استعمال کرنے کی مکمل آزادی ہوتی ہے۔

(ب) مناسب بیان کی نشاندہی کیجئے۔ (10)

(i) اجارہ داری اور مکمل مقابلہ ایک دوسرے کے متضاد ہوتے ہیں — صحیح / غلط

(ii) اوسط پیداوار جب زیادہ سے زیادہ ہو تو مختتم پیداوار اس کے برابر ہوتی ہے۔ — صحیح / غلط

(iii) خالص لگان دراصل خام لگان کا جزو ہوتا ہے۔ — صحیح /غلط

(iv) کس اجرت سے کسی شخص کے معیارِ زندگی کے بارے میں زیادہ صحیح معلومات مل سکتی ہیں؟ — حقیقی اجرت / متعارفہ اجرت

(v) کس نظامِ معیشت میں مذہبی اور اخلاقی قدروں کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے؟ — اسلامی نظام / سرمایہ دارانہ نظام / اشتراکیت

سوال نمبر 2- اجارہ داری کے تحت فرم کے توازن کی وضاحت ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔ نیز اجارہ داری کے فوائد اور نقصانات کے بارے میں ایک تجزیہ پیش کیجئے (20)

سوال نمبر 3- عاملین پیدائش کے معاوضوں کے تعین کا جدید نظریہ بیان کیجئے۔ نیز وضاحت کیجئے کہ اس نظریہ کا اطلاق مکمل مقابلہ اور اجارہ داری کے حالات میں کیسے ہوتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 4- لگان کی تعریف کیجئے۔ نیز جدید نظریہ لگان کی وضاحت مناسب مثالوں کی مدد سے کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5- مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھئے۔

(الف) اسلامی نظامِ معیشت (10)

(ب) بلاسود بینکاری (10)